

# رَبِّ رَبَّنَا اَللّٰهُمَّ

سے شروع ہونے والی 125 مستند دعاؤں کا مجموعہ

جملہ حقوق محفوظ ہیں

## Everlasting WALL CALENDAR

## دائمی کیلنڈر

مُرتّب: محمد عمر خان

092-0334-6066221
0300-0322-0310-0347-6366221
061-4586619 - 4588801
mukmultan@gmail.com

حی علی الفلاح™
پبلشرز اینڈ پرنٹرز

## درود شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ
عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ
اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ○
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى
اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ
وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ○

بخاری: 3370

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم نے پوچھا "یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور اہل بیت پر کس طرح درود بھیجیں؟" آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہو:

یا اللہ! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آل محمد پر اسی طرح رحمت بھیج جس طرح تو نے ابراہیم علیہ السلام اور آلِ ابراہیم پر رحمت بھیجی۔ تعریف اور بزرگی تیرے ہی لئے ہے یا اللہ! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آلِ محمد پر اسی طرح برکت نازل فرما جس طرح تو نے ابراہیم علیہ السلام اور آلِ ابراہیم پر برکت نازل فرمائی۔ تعریف اور بزرگی تیرے ہی لئے ہے۔

## سیّدالاستغفار

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّيْ
لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِيْ
وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰى عَهْدِكَ
وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ،
اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَاصَنَعْتُ
اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ
وَاَبُوْءُ لَكَ بِذَنْبِيْ فَاغْفِرْلِيْ
فَاِنَّهٗ لَايَغْفِرُ الذُّنُوْبَ
اِلَّا اَنْتَ

مسند احمد 17111
بخاری: 6306

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مغفرت طلب کرنے کی تمام دعاؤں کی سردار یہ دعا ہے۔ جو شخص بھی اس دعا کو (اس کے معنی اور مفہوم کو سمجھ کر اور اس پر پورا یقین رکھتے ہوئے) صبح کو پڑھے اور شام سے پہلے فوت ہوجائے یا شام کو پڑھے اور صبح سے پہلے فوت ہو جائے تو ایسا شخص جنت میں داخل ہوگا

اے اللہ! تو میرا رب ہے کوئی معبود نہیں مگر تو ہی معبود ہے، تو نے ہی مجھے پیدا فرمایا ہے لہٰذا میں تیرا ہی غلام ہوں، میں استطاعت کے مطابق تجھ سے کئے ہوئے عہد اور وعدہ پر قائم ہوں۔ جو کچھ میں نے کیا ہے اس کے شر سے بچنے کے لئے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ مجھ پر تیری جو نعمتیں ہیں میں ان کا اعتراف کرتا ہوں اور آپ کے سامنے اپنے گناہوں کا اقرار کرتا ہوں۔ پس تو میری مغفرت فرمادے کیونکہ کوئی گناہ معاف کرنے والا نہیں ہے مگر تو ہی

# درود کا پڑھنا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے، اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ رحمتیں نازل کرتے ہیں۔ (مسلم:408)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ

اے اللہ! نبی امی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آل محمد پر رحمتیں نازل فرما (ابو داؤد:981)

# مغفرت کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّيْ

اے اللہ! تو معاف کرنیوالا ہے اور معاف کرنے کو پسند کرتا ہے سو میرے گناہ معاف فرما دے

(ترمذی:3513)

# شفاعت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مستحق بنانے والا عمل

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ”جب تم اذان سنو تو اسی طرح کہو جس طرح مؤذن کہتا ہے، پھر مجھ پر درود پڑھو، اس لئے کہ جو مجھ پر ایک بار درود پڑھتا ہے، اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ رحمتیں نازل فرماتا ہے۔ پھر میرے لئے اللہ تعالیٰ سے ”الوسيلة“ مانگو۔ یہ جنت میں ایک مقام (مرتبہ) ہے جو اللہ کے بندوں میں سے کسی ایک بندے کے لائق ہے اور میں امید کرتا ہوں کہ وہ (بندہ) میں ہی ہوں۔ جس نے اللہ تعالیٰ سے میرے لئے ”الوسيلة“ مانگا تو قیامت کے دن اس کے لئے میری شفاعت واجب ہوگی۔ (مسلم:384)

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلٰوةِ الْقَائِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَا الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَا الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ

اے اللہ! اس دعوت کامل اور قائم ہونے والی نماز کے رب! تو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خاص تقرب اور خاص فضیلت عطا کر اور انہیں اس مقام محمود پر فائز فرما جس کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے

(بخاری:614، ابو داؤد:529، ترمذی:211، نسائی:680، ابن ماجہ:722، مسند احمد:14817)

## دو سجدوں کے درمیان کی دعا

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاجْبُرْنِیْ وَارْفَعْنِیْ وَاهْدِنِیْ وَعَافِنِیْ وَارْزُقْنِیْ

اے اللہ! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور میرے نقصان پورے کر اور مجھے بلندی عطاء فرما اور مجھے ہدایت دے اور مجھے عافیت دے اور مجھے روزی عطاء فرما

• ابو داؤد: 850 • ترمذی: 284 • ابن ماجہ: 898

## اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْكَ لَا اُحْصِيْ ثَنَآءً عَلَيْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ

(مسلم: 486، ترمذی: 3493، نسائی: 1100)

اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں، تیری ناراضگی سے تیری رضا میں اور تیری معافی میں تیرے عذاب سے اور تجھ سے تیری ہی پناہ چاہتا ہوں۔ تیری تعریف کرنا میرے بس میں نہیں ہے، تو ویسا ہی ہے جس طرح تو نے اپنی تعریف خود فرمائی ہے

## تکبیر تحریمہ کے بعد کی دعا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تکبیر تحریمہ کے بعد قرأت شروع کرنے سے پہلے تھوڑی دیر خاموش رہتے۔ میں نے عرض کی "یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے ماں باپ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر قربان۔ اس خاموشی میں آپ کیا پڑھتے ہیں؟" آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "میں یہ دعا پڑھتا ہوں"

اَللّٰھُمَّ بَاعِدْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَّ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ اَللّٰھُمَّ نَقِّنِيْ مِنْ خَطَايَايَ كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْاَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ اَللّٰھُمَّ اغْسِلْنِيْ مِنْ خَطَايَايَ بِالثَّلْجِ وَالْمَآءِ وَالْبَرَدِ

اے اللہ! میرے اور میرے گناہوں کے درمیان مشرق و مغرب کی دوری فرما دے۔ یا اللہ! مجھے میرے گناہوں سے اس طرح پاک و صاف کر دے جس طرح سفید کپڑے کو میل کچیل سے صاف کیا جاتا ہے۔ یا اللہ! میرے گناہ برف، پانی اور اولوں سے دھو دے

بخاری: 744، مسلم: 598، مسند احمد: 7164، ابو داؤد: 781، نسائی: 60، ابن ماجہ: 805

## صبح کی بہتری اور برکت کی دعا

حضرت ابو مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی صبح کرے تو مندرجہ ذیل کلمات پڑھے:

أَصْبَحْنَا وَأَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ
اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ خَيْرَ هٰذَا الْيَوْمِ فَتْحَهُ وَنَصْرَهُ وَنُوْرَهُ
وَبَرَكَتَهُ وَهُدَاهُ وَأَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيْهِ وَشَرِّ مَا بَعْدَهُ

صبح کی ہم نے اور اللہ کی سلطنت نے جو سارے جہانوں کا پالنے والا ہے، یا اللہ میں تجھ سے اس دن کی بہتری، اس کی فتح، اس کی مدد اور اس کے نور اور اس کی برکت اور اس کی ہدایت چاہتا ہوں اور اس کی برائی اور اس کے بعد کی برائی سے آپ کی پناہ مانگتا ہوں

(ابوداؤد: 5084)

## شام کی بہتری اور برکت کی دعا

حضرت ابو مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی شام کرے تو مندرجہ ذیل کلمات پڑھے:

أَمْسَيْنَا وَأَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ
اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ خَيْرَ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ فَتْحَهَا وَنَصْرَهَا وَنُوْرَهَا
وَبَرَكَتَهَا وَهُدَاهَا وَأَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيْهَا وَشَرِّ مَا بَعْدَهَا

ہم نے شام کی اور سارے عالم نے شام کی اللہ کے لئے جو تمام جہانوں کا رب ہے، اے اللہ! بے شک میں تجھ سے آج کی رات کی بھلائی، اس کی فتح، اس کی مدد، اس کے نور، اس کی برکت اور اس کی ہدایت مانگتا ہوں اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس شر سے جو اس میں ہے اور جو اس کے بعد ہے

(ابوداؤد: 5084)

# صبح اور شام کی دعائیں

جب صبح ہو تو یوں کہے

## اللّٰھُمَّ بِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ اَمْسَيْنَا وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ

(حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، ترمذی: 3391)

اے اللہ! ہم نے تیری ہی عنایت سے صبح کی ہے اور ہم نے تیری ہی توفیق سے شام کی ہے اور تیرا ہی نام لیکر ہم جاگتے ہیں اور تیرا ہی نام لیکر ہم مرتے ہیں اور تیری ہی طرف (سب کو) لوٹ کر جانا ہے

رسول اللہ ﷺ اپنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے فرماتے کہ جب تم میں سے کوئی صبح یا شام کرے تو یوں کہے:

اور جب شام ہو تو یوں کہے

## اللّٰھُمَّ بِكَ اَمْسَيْنَا وَبِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ النُّشُوْرُ

(حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، ترمذی: 3391)

اے اللہ ہم نے تیری ہی عنایت سے شام کی ہے اور ہم نے تیری ہی توفیق سے صبح کی ہے اور تیرا ہی نام لیکر ہم جاگتے ہیں اور تیرا ہی نام لیکر ہم مرتے ہیں اور تیری ہی طرف (سب کو) لوٹ کر جانا ہے

# وہ کلمات جو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو ارشاد ہوئے

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول ﷺ! مجھے ایسی چیز سکھایئے جو میں صبح و شام پڑھا کروں۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ اے ابو بکر رضی اللہ عنہ! یہ پڑھو:

## اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ، عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَّمَلِيْكَهٗ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطٰنِ وَشِرْكِهٖ وَاَنْ اَقْتَرِفَ عَلٰى نَفْسِيْ سُوْٓءًا اَوْ اَجُرَّهٗ اِلٰى مُسْلِمٍ

ترمذی: 3529

اے اللہ! آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے والے، غیب اور حاضر کے جاننے والے، نہیں کوئی معبود مگر تو ہی، جو ہر چیز کا رب اور مالک ہے۔ میں اپنے نفس کے شر سے اور شیطان کے شر سے اور اس کے پھندوں سے اور اپنی جان پر برائی کرنے سے یا کسی دوسرے مسلمان کے حق میں برائی کرنے سے، حفاظت کیلئے تیری پناہ میں آتا ہوں

## صبح وشام کی دعائیں

رسول اللہ ﷺ صبح وشام کی یہ دعائیں کبھی نہیں چھوڑتے تھے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡٓ اَسۡئَلُکَ الۡعَافِیَۃَ فِی الدُّنۡیَا وَالۡاٰخِرَۃِ،

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡٓ اَسۡئَلُکَ الۡعَفۡوَ وَالۡعَافِیَۃَ فِیۡ دِیۡنِیۡ وَدُنۡیَایَ وَاَھۡلِیۡ وَمَا لِیۡ، اَللّٰھُمَّ اسۡتُرۡعَوۡرَاتِیۡ وَاٰمِنۡ رَّوۡعَاتِیۡ،

اَللّٰھُمَّ احۡفَظۡنِیۡ مِنۡ بَیۡنِ یَدَیَّ وَمِنۡ خَلۡفِیۡ وَعَنۡ یَّمِیۡنِیۡ وَعَنۡ شِمَالِیۡ وَمِنۡ فَوۡقِیۡ وَاَعُوۡذُ بِعَظَمَتِكَ اَنۡ اُغۡتَالَ مِنۡ تَحۡتِیۡ

اے اللہ! میں آپ سے دنیا اور آخرت کی عافیت کا سوال کرتا ہوں۔ اے اللہ! میں آپ سے اپنی دینی و دنیاوی معاملات اور اہل وعیال اور مال کے معاملات میں (اپنی کوتاہیوں سے) درگزر اور عافیت کا سوال کرتا ہوں۔ اے اللہ! میرے عیبوں کی پردہ پوشی فرما اور مجھے خوف کی چیزوں اور حالات میں اطمینان عطا فرما۔ اے اللہ! میرے سامنے سے اور پیچھے سے اور دائیں سے اور میرے بائیں سے اور میرے اوپر سے میری حفاظت فرما۔ میں پناہ لیتا ہوں آپ کی عظمت کی اس سے کہ میں اپنے نیچے سے ہلاک کیا جاؤں (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ، ابوداود: 5074)

## دوزخ سے نجات

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

جب تم مغرب کی نماز سے فارغ ہوتو سات مرتبہ کہو!

اَللّٰھُمَّ

اَجِرۡنِیۡ مِنَ النَّارِ

یا اللہ مجھے جہنم کی آگ سے بچالے

کیونکہ جب تم یہ کہو گے اور پھر اگر اسی رات فوت ہو گئے تو تمہارے لئے دوزخ کی آگ سے نجات لکھ دی جائے گی اور جب تم صبح کی نماز پڑھ لو تو اسی طرح یہی الفاظ کہو۔ اگر تم اس دن فوت ہو گئے تو تمہارے لئے دوزخ کی آگ سے نجات لکھ دی جائے گی

(حضرت مسلم بن حارث رضی اللہ عنہ، مسند احمد: 18054، ابوداود: 5079)

## والدین کے حق میں دعا

رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِي صَغِيرًا ﴿٢٤﴾

اے پروردگار! ان پر رحم فرما جس طرح انہوں نے رحمت وشفقت کے ساتھ مجھے بچپن میں پالا تھا (17:بنی اسرائیل:24)

## کسی مقام پر داخل ہوتے وقت کی دعا

رَبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ﴿٨٠﴾

اے پروردگار! جہاں بھی تو مجھے لے جائے سچائی کے ساتھ لے جا اور جہاں سے نکالے تو سچائی کے ساتھ نکال اور مجھ کو اپنے پاس سے ایسا اقتدار (غلبہ، حکومت، قوت) دیجیو جس کے ساتھ نصرت ہو

(17:بنی اسرائیل:80)

## ادائیگی شکر اور اصلاحِ اولاد کی دعا

رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿١٥﴾

اے میرے رب! مجھے توفیق دے کہ میں تیرے اس احسان کا شکر ادا کروں جو تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر کیا ہے اور یہ بھی کہ میں ایسے نیک عمل کروں اور میری اولاد کو بھی نیک بنا کر مجھے سکھ دے، میں تیرے حضور توبہ کرتا ہوں اور تابع فرمان (مسلم) بندوں میں سے ہوں (46:الاحقاف:15)

## جنت میں گھر کی دعا

رَبِّ ابْنِ لِيْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ

اے پروردگار! میرے لئے اپنے ہاں جنت میں ایک گھر بنا دے

(66:التحریم:11)

## اعتراف گناہ اور معافی کی درخواست

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا ٚ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾

اے ہمارے رب! ہم نے اپنے آپ پر ظلم کیا اور اگر تو نے ہمیں معاف نہ کیا اور ہم پر رحم نہ کیا تو ہم یقیناً خسارہ اٹھانے والوں میں سے ہو جائیں گے

7:الاعراف:23

## صبر و استقامت کی دعا

رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ﴿۱۲۶﴾

اے ہمارے رب! ہم پر صبر کا فیضان کر اور اس حال میں موت دے کہ ہم فرمانبردار رہوں

7:الاعراف:126

## دشمنوں سے نجات کی دعا

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۵﴾
وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۸۶﴾

اے ہمارے ربّ، ہمیں ظالم لوگوں کے لیے فتنہ نہ بنا اور اپنی رحمت سے ہم کو کافروں سے نجات دے

(10:یونس:85-86)

## رحمت کے حصول کی دعا

رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ﴿۱۰﴾

اے میرے رب! ہم کو اپنی رحمت خاص سے نواز اور ہمارا معاملہ درست کر دے

18:الکہف:10

## عذاب جہنم سے پناہ کی دعا

رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ﴿۶۵﴾
اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ﴿۶۶﴾

(25:الفرقان:65-66)

اے ہمارے رب! جہنم کے عذاب سے ہمیں بچائے رکھنا، کیونکہ اس کا عذاب ٹلنے والا نہیں۔ بلاشبہ وہ جائے قرار بھی بری ہے اور مقام بھی برا ہے

## سفر شروع کرتے وقت کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ فِیْ سَفَرِنَا هٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰی وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰی، اَللّٰھُمَّ هَوِّنْ عَلَیْنَا سَفَرَنَا هٰذَا وَاطْوِعَنَّا بُعْدَهٗ، اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَالْخَلِیْفَةُ فِی الْاَهْلِ، اَللّٰھُمَّ اِنِّیْۤ اَعُوْذُبِكَ مِنْ وَّعْثَآءِ السَّفَرِ وَكَآبَةِ الْمَنْظَرِ وَسُوْءِ الْمُنْقَلَبِ فِی الْمَالِ وَالْاَهْلِ

اے اللہ! ہم اس سفر میں تجھ سے نیکی اور تقوی کا سوال کرتے ہیں اور ایسے عمل کا سوال کرتے ہیں جو تو پسند کرے۔ اے اللہ! ہم پر اس سفر کو آسان کر دے اور اسکی دوری کو لپیٹ دے۔ اے اللہ! تو ہی سفر میں ہمارا ساتھی ہے اور ہمارے اہل وعیال میں ہمارا خلیفہ ہے۔ اے اللہ! میں سفر کی تکلیف سے، برے منظر سے اور مال اور اہل وعیال میں برے وقت سے تیری پناہ طلب کرتا ہوں۔ (مسلم:1342)

## عذاب سے بچنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ قِنِیْ عَذَابَكَ یَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ

اے اللہ! مجھے اپنے عذاب سے بچا جس دن تو اپنے بندوں کو جمع کرے گا

(ترمذی:3398، ابوداؤد:5045)

## تکمیل نور کی دعا

رَبَّنَا اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۸﴾

اے ہمارے پروردگار! ہمارے لئے ہمارا نور مکمل کر دے اور ہمیں بخش دے یقیناً تو ہر چیز پر قادر ہے۔

(التحریم:66:8)

## بخشش کی دعا

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ مَا اَخْطَاْتُ وَمَا تَعَمَّدْتُّ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا جَهِلْتُ وَمَا تَعَمَّدْتُّ

اے اللہ! میرے لئے (ان گناہوں کو) معاف فرما جو میں نے غلطی سے کئے اور جو میں نے جان بوجھ کر کئے، جو میں نے چھپ کر کئے اور جو میں نے اعلانیہ طور پر کئے، جو میں نے نادانی میں کئے اور جو میں نے جانتے بوجھتے کئے

مسند احمد: 19925

## بدبختی سے پناہ مانگنے کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ جَهْدِ الْبَلَآءِ وَدَرْكِ الشَّقَآءِ وَسُوْءِ الْقَضَآءِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَآءِ

بخاری: 6347، مسلم: 2707

اے اللہ! بے شک میں آزمائش کی مشقت سے اور بدبختی کے پالینے سے اور بری تقدیر سے اور دشمنوں کے خوش ہونے سے آپ کی پناہ میں آتا ہوں

## عافیت مانگنے کی دعا

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکرہ رضی اللہ عنہ نے اپنے والد سے کہا کہ میں آپ کو مندرجہ ذیل دعا تین مرتبہ صبح اور تین مرتبہ شام کو مانگتے ہوئے سنتا ہوں تو ابا جان نے فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ دعا مانگتے ہوئے سنا ہے اس لئے میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت پر عمل کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَدَنِيْ، اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ سَمْعِيْ اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَصَرِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

اے اللہ! مجھے میرے بدن میں عافیت دے، اے اللہ! مجھے میرے کانوں میں عافیت عطا فرما، اے اللہ! مجھے میری آنکھوں میں عافیت فرما۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے

ابوداؤد: 5090

حضرت عباس بن عبدالعظیم راوی نے مندرجہ بالا دعا کے ساتھ مندرجہ ذیل کلمات کا اضافہ کیا کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بیٹے سے کہا کہ تم بھی یہ ساتھ پڑھو:

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

"اے اللہ! میں کفر اور غربت (ناداری) سے تیری پناہ مانگتا ہوں اے اللہ! میں عذاب قبر سے بچنے کے لئے تیری پناہ مانگتا ہوں تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے"

اور کہا کہ صبح اور شام کو انہیں تین تین دفعہ پڑھو، میں اسی کو پسند کرتا ہوں کہ سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر عمل کروں

(ابوداؤد: 5090)

## رحمت کی دعا

رَبِّ اغۡفِرۡ وَارۡحَمۡ وَاَنۡتَ خَيۡرُ الرّٰحِمِيۡنَ ﴿۱۱۸﴾

اے میرے رب! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور تو ہی سب رحم کرنے والوں سے اچھا رحم کرنے والا ہے

(23:المومنون:118)

## سچی ناموری کے لئے دعا

رَبِّ هَبۡ لِىۡ حُكۡمًا وَّاَلۡحِقۡنِىۡ بِالصّٰلِحِيۡنَ ﴿۸۳﴾ وَاجۡعَلۡ
لِّىۡ لِسَانَ صِدۡقٍ فِى الۡاٰخِرِيۡنَ ﴿۸۴﴾ وَاجۡعَلۡنِىۡ مِنۡ وَّرَثَةِ
جَنَّةِ النَّعِيۡمِ ﴿۸۵﴾ ........ وَلَا تُخۡزِنِىۡ يَوۡمَ يُبۡعَثُوۡنَ ﴿۸۷﴾

اے پروردگار! مجھے حکمت عطا فرما اور مجھے صالح لوگوں میں شامل کر دے اور بعد کے آنیوالوں میں مجھے سچی ناموری عطا کر اور مجھے نعمتوں والی جنت کے وارثوں میں شامل فرما..... اور مجھے اس دن رسوا نہ کرنا جس دن لوگ دوبارہ اٹھائے جائینگے (26:الشعراء:83-85، 87)

## اللہ بہترین وارث

رَبِّ لَا تَذَرۡنِىۡ فَرۡدًا وَّاَنۡتَ خَيۡرُ الۡوٰرِثِيۡنَ ﴿۸۹﴾

اے پروردگار! مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور بہترین وارث تو تو ہی ہے

(21:الانبیاء:89)

## شرح صدر کی دعا

رَبِّ اشۡرَحۡ لِىۡ صَدۡرِىۡ ﴿۲۵﴾
وَيَسِّرۡ لِىۡۤ اَمۡرِىۡ ﴿۲۶﴾ وَاحۡلُلۡ عُقۡدَةً
مِّنۡ لِّسَانِىۡ ﴿۲۷﴾ يَفۡقَهُوۡا قَوۡلِىۡ ﴿۲۸﴾

اے پروردگار! میرا سینہ کھول دے اور میرے کام کو میرے لئے آسان کر دے اور میری زبان کی گرہ سلجھا دے تاکہ لوگ میری بات سمجھ سکیں (20:طٰہٰ:25-28)

## حصول علم کی دعا

رَبِّ زِدۡنِىۡ عِلۡمًا ﴿۱۱۴﴾

اے پروردگار! مجھے مزید علم عطا کر (20:طٰہٰ:114)

## بری موت سے تحفظ کی دعا

اَللّٰھُمَّ

اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ التَّرَدِّیْ وَالْهَدْمِ وَالْغَرَقِ وَالْحَرَقِ

وَاَعُوْذُبِكَ اَنْ يَّتَخَبَّطَنِی الشَّيْطَانُ عِنْدَ الْمَوْتِ، وَاَعُوْذُبِكَ اَنْ اَمُوْتَ فِیْ سَبِيْلِكَ مُدْبِرًا وَاَعُوْذُبِكَ اَنْ اَمُوْتَ لَدِيْغًا

اے اللہ! اونچی عمارت سے گرنے، کسی عمارت کے مجھ پر گرنے، غرقاب ہونے اور جلنے سے میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں اور میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ موت کے وقت شیطان مجھے بہکائے اور میں اس بات سے آپ کی پناہ میں آتا ہوں کہ میں آپ کے راستے میں پیٹھ پھیر کر مروں اور اس بات سے بھی آپ کی پناہ مانگتا ہوں کہ میں زہریلے جانور کا ڈنک کھا کر مروں

(ابوداود:1552، نسائی:5531)

## غربت کی اہمیت

رسول اللہ ﷺ یہ دعا مانگا کرتے تھے

اَللّٰھُمَّ اَحْيِنِیْ مِسْكِيْنًا وَّاَمِتْنِیْ مِسْكِيْنًا وَّاحْشُرْنِیْ فِیْ زُمْرَةِ الْمَسَاكِيْنِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ (ترمذی 2352)

ترجمہ: اے اللہ! مجھ کو مسکین کے طور پر زندہ رکھ اور مسکین ہی کے طور پر موت دے اور قیامت کے دن مسکینوں کی جماعت میں اٹھا

## دن بھر کے کاموں کی بھلائی کے لئے دعا

اَللّٰھُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِی الْاُمُوْرِ كُلِّهَا وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْیِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَةِ

اے اللہ! ہمارے تمام کاموں کا انجام بخیر ہو اور ہمیں دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے محفوظ رکھ

(المعجم الکبیر للطبرانی:1198)

## موت اور حساب کی سختیوں سے حفاظت

اَللّٰهُمَّ اَعِنِّي عَلٰى غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَسَكَرَاتِ الْمَوْتِ

اے اللہ! موت کی سختیوں اور اس سے طاری ہونیوالی بے ہوشیوں میں میری مدد فرما (ترمذی 978)

## دینی سمجھ اور ہدایت کے لئے دعا

اَللّٰهُمَّ فَقِّهْنِي فِي الدِّيْنِ

اے اللہ! مجھے دین کی سمجھ عطاء فرما (بخاری:143)

اَللّٰهُمَّ حَاسِبْنِي حِسَابًا يَّسِيْرًا

اے اللہ! میرے حساب کو آسان فرمادے (حاکم:190)

اَللّٰهُمَّ اَلْهِمْنِي رُشْدِي وَاَعِذْنِي مِنْ شَرِّ نَفْسِي

یا اللہ! مجھے رشد و ہدایت الہامی طور پر عنایت فرما اور مجھے میرے نفس کے شر سے محفوظ رکھ (ترمذی:3483)

## بھوک اور خیانت سے پناہ

اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُوْعِ فَاِنَّهٗ بِئْسَ الضَّجِيْعُ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخِيَانَةِ فَاِنَّهَا بِئْسَتِ الْبِطَانَةُ (ابوداؤد:1547)

اے اللہ! بے شک میں بھوک سے آپ کی پناہ طلب کرتا ہوں کیونکہ وہ بدترین ساتھی ہے اور میں خیانت سے آپ کی پناہ میں آتا ہوں کیونکہ وہ بدترین رازدار ہے

## چار مضر چیزوں سے تحفظ کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوْذُبِكَ مِنْ قَلْبٍ لَا يَخْشَعُ وَمِنْ دُعَاءٍ لَا يُسْمَعُ وَمِنْ نَفْسٍ لَّا تَشْبَعُ وَمِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ اَعُوْذُبِكَ مِنْ هٰؤُلَاءِ الْاَرْبَعِ

اے اللہ! اس دل سے جس میں خشوع نہ ہو، اس دعا سے جو مقبول نہ ہو، اس نفس سے جو سیر نہ ہو، اس علم سے جو نفع نہ دے۔ ان چاروں سے آپ کی پناہ مانگتا ہوں (مسلم:2722، ترمذی:3482، ابوداؤد:1548)

اسلام پر خاتمہ کے لئے روزانہ سونے سے پہلے پڑھی جائے

اَللّٰھُمَّ اَسْلَمْتُ نَفْسِیْ اِلَیْكَ وَفَوَّضْتُ اَمْرِیْ اِلَیْكَ وَوَجَّھْتُ وَجْھِیْ اِلَیْكَ وَاَلْجَاْتُ ظَھْرِیْ اِلَیْكَ رَغْبَةً وَّرَھْبَةً اِلَیْكَ لَامَلْجَاَ وَلَا مَنْجَاَ مِنْكَ اِلَّا اِلَیْكَ اٰمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِیْ اَنْزَلْتَ وَنَبِیِّكَ الَّذِیْ اَرْسَلْتَ

(بخاری:6311، ابن ماجہ:3876)

اے اللہ! میں اپنی جان تیرے سپرد کرتا ہوں اور اپنا سارا کام بھی تجھ کو سونپتا ہوں اور اپنا منہ بھی تیری ہی طرف کرتا ہوں اور تجھ ہی پر بھروسہ کرتا ہوں تیری عنایت اور کرم کی خواہش اور تیرے عذاب کے ڈر سے تجھ سے بھاگ کر جانے کا ٹھکانہ یا چھٹکارا کا مقام سوائے تیرے اور کہیں نہیں ہے میں تیری اس کتاب پر جو تو نے اتاری اور پیغمبر پر جس کو تو نے بھیجا ایمان لایا

قرآن مجید سے رہنمائی لینے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ عَبْدُكَ اِبْنُ عَبْدِكَ اِبْنُ اَمَتِكَ نَاصِیَتِیْ بِیَدِكَ مَاضٍ فِیَّ حُكْمُكَ عَدْلٌ فِیَّ قَضَاؤُكَ اَسْئَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ ھُوَلَكَ سَمَّیْتَ بِهٖ نَفْسَكَ اَوْاَنْزَلْتَهٗ فِیْ كِتَابِكَ اَوْعَلَّمْتَهٗ اَحَدًامِّنْ خَلْقِكَ اَوِاسْتَاْثَرْتَ بِهٖ فِیْ عِلْمِ الْغَیْبِ عِنْدَكَ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ رَبِیْعَ قَلْبِیْ وَنُوْرَ صَدْرِیْ وَجِلَآءَ حُزْنِیْ وَذَھَابَ ھَمِّیْ

الٰہی میں آپ کا بندہ ہوں، آپ کے بندے اور آپ کی بندی کا بیٹا ہوں۔ میری پیشانی آپ کے قابو میں ہے۔ میرے حق میں آپ ہی کا حکم جاری ہے، آپ کا فیصلہ میرے بارے میں انصاف کے ساتھ ہے میں آپ کے ہر اس نام کے ساتھ سوال کرتا ہوں جو آپ نے اپنے لئے پسند کیا یا اپنی کتاب میں آپ نے اتارا ہے یا اپنی مخلوق میں سے کسی کو سکھایا ہے یا اپنے علم غیب میں آپ نے اس کو اختیار کر رکھا ہے کہ آپ قرآن کو میرے دل کی بہار اور سینے کا نور اور میرے غم کو دور کرنے والا اور میری فکر کو ختم کرنے والا بنا دیں

(مسند احمد:3712)

## دنیا و آخرت کی بھلائیوں کی جامع دعا

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿٢٠١﴾

اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں بھلائی دے اور آخرت میں بھی بھلائی دے اور آگ کے عذاب سے ہمیں بچا

(البقرۃ:2:201)

## دشمن کے مقابلہ میں ثابت قدمی کی دعا

رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٥٠﴾

اے ہمارے رب! ہم پر صبر کا فیضان کر اور ہمیں ثابت قدم رکھ اور ان کافروں کے مقابلہ میں ہماری مدد فرما

(البقرۃ:2:250)

## گناہوں کی بخشش کی دعا

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ خَطِيْئَتِيْ وَجَهْلِيْ وَاِسْرَافِيْ فِيْ اَمْرِيْ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ جِدِّيْ وَهَزْلِيْ وَخَطَئِيْ وَعَمْدِيْ وَكُلُّ ذٰلِكَ عِنْدِيْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَنْتَ أَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ أَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَأَنْتَ الْمُؤَخِّرُ وَأَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

اے اللہ! میری غلطی اور لاعلمی کو معاف فرما، مجھ سے میرے کام میں جو زیادتی ہوئی ہے اسے معاف فرما اور جو چیز تو مجھ سے زیادہ میرے بارے میں جانتا ہے، اسے معاف فرما۔ اے اللہ! میری سنجیدگی، میری غیر سنجیدگی، میری غلطی سے یا قصداً کی ہوئی باتوں کو معاف فرما۔ یہ سب چیزیں میرے اندر ہیں۔ اے اللہ! میں نے جو گناہ پہلے کئے ہیں یا آگے کروں گا۔ چھپ کر کئے ہیں یا کھلم کھلا کئے ہیں سب کو معاف فرما اور جو چیز تو مجھ سے زیادہ میرے بارے میں جانتا ہے، اسے معاف فرما۔ تو سب سے پہلا ہے، تو سب سے آخری ہے اور تو ہر چیز پر خوب قدرت رکھنے والا ہے۔

(مسلم:2719)

# اِسْتِخَارَہ کی دعا

اَللّٰهُمَّ

اِنِّیٓ اَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ
بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ
فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَآ اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَآ اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ،
اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَيْرٌ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ
وَعَاقِبَةِ اَمْرِيْ فَاقْدُرْهُ لِيْ وَيَسِّرْهُ لِيْ ثُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ
اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِيْ
فَاصْرِفْهُ عَنِّيْ وَاصْرِفْنِيْ عَنْهُ وَاقْدُرْ لِيَ الْخَيْرَ
حَيْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِيْ بِهٖ

ترجمہ دوسری طرف ملاحظہ فرمائیں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو تمام کاموں میں استخارہ کرنے کی ایسے ہی تعلیم دیتے جیسے قرآن کریم کی کسی سورۃ کی تعلیم دیتے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے: جب تم میں سے کوئی شخص کوئی کام کرنا چاہے تو فرض کے علاوہ 2 رکعت نماز پڑھے پھر یہ دعا پڑھے:

## استخارہ کی دعا
### کا ترجمہ

عربی متن دوسری طرف ملاحظہ فرمائیں

اے اللہ! بے شک میں تجھ سے تیرے علم کے ساتھ بھلائی طلب کرتا ہوں اور تجھ سے تیری قدرت کے ساتھ طاقت طلب کرتا ہوں اور میں تجھ سے تیرے فضل عظیم کا سوال کرتا ہوں کیونکہ تو قدرت رکھتا ہے اور میں قدرت نہیں رکھتا، تو جانتا ہے اور میں نہیں جانتا اور تو غیبوں کو خوب جانتا ہے۔ اے اللہ! اگر تو جانتا ہے کہ بے شک یہ کام میرے لئے میرے دین، میرے معاش اور میرے انجام کار کے لحاظ سے بہتر ہے تو اس کا میرے حق میں فیصلہ کردے اور اسے میرے لئے آسان کردے، پھر میرے لئے اس میں برکت ڈال دے اور اگر تو جانتا ہے کہ بے شک یہ کام میرے لئے میرے دین، میرے معاش اور میرے انجام کار کے لحاظ سے برا ہے تو اسے مجھ سے دور کردے اور مجھے اس سے دور کردے اور خیر میرے مقدر میں کردے وہ جہاں بھی ہو اور مجھے اس پر راضی کردے

نوٹ (هٰذَا الْاَمْرَ) کی جگہ اپنی حاجت کا (عربی میں) نام لے لیں

(بخاری:6382، مسند احمد:14707، ترمذی:480، نسائی:3253)

## حسن عمل اور محبت الٰہی کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ فِعْلَ الْخَیْرَاتِ، وَتَرْكَ الْمُنْكَرَاتِ وَحُبَّ الْمَسَاكِیْنِ وَاَنْ تَغْفِرَلِیْ وَتَرْحَمَنِیْ وَاِذَا اَرَدْتَ فِتْنَةَ قَوْمٍ فَتَوَفَّنِیْ غَیْرَ مَفْتُوْنٍ وَاَسْاَلُكَ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ یُّحِبُّكَ، وَحُبَّ عَمَلٍ یُّقَرِّبُ اِلٰی حُبِّكَ

اے اللہ! میں آپ سے نیکیوں کے کرنے اور برائیوں کو چھوڑنے اور مسکینوں سے محبت کرنے (کی توفیق) کا سوال کرتا ہوں اور یہ سوال کرتا ہوں کہ آپ مجھے بخش دیں اور مجھ پر رحم فرمادیں اور جب آپ لوگوں کو آزمائش میں ڈالنے کا ارادہ کریں تو مجھے آزمائش میں ڈالے بغیر موت دے دیں اور میں آپ سے آپ کی محبت اور اس شخص کی محبت کا سوال کرتا ہوں جو آپ سے محبت کرتا ہو اور اس عمل کی محبت کا سوال کرتا ہوں جو آپ کی محبت کے قریب کردے۔

(ترمذی:3235، مسند احمد:22109)

## زوال نعمت سے پناہ

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ وَتَحَوُّلِ عَافِیَتِكَ وَفُجَاءَةِ نِقْمَتِكَ وَجَمِیْعِ سَخَطِكَ

اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں تیری نعمت کے چھن جانے سے اور تیری عافیت کے پھر جانے سے اور تیرے ناگہانی عذاب سے اور تیرے ہر طرح کے غصے سے

(مسلم:2739، ابوداؤد:1545)

## دشمن کے شر سے پناہ

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ

اے اللہ! ہم (اپنی حفاظت کے لئے) آپ کو ان دشمنوں کے مقابلے میں پیش کرتے ہیں اور ان کے شر سے آپ کی پناہ چاہتے ہیں

(ابوداؤد:1537)

## ازواج واولاد کی بہتری کی دعا

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ
اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا
قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا
لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ۝٧٤

(25:الفرقان:74)

اے ہمارے رب! ہمیں اپنی بیویوں اور اپنی اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہمیں پرہیزگاروں کا امام بنا

## رب تعالیٰ پر بھروسا کیجئے

رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ
اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝٤

اے ہمارے رب! تیرے ہی اوپر ہم نے بھروسہ کیا اور تیری ہی طرف ہم نے رجوع کرلیا اور تیرے ہی حضور ہمیں پلٹنا ہے

(60:الممتحنۃ:4)

## سلف صالحین کے لئے دعائے مغفرت

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا
الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ
فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
رَبَّنَا اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝١٠

اے ہمارے رب! ہمیں اور ہمارے ان سب بھائیوں کو بخش دے جو ہم سے پہلے ایمان لائے ہیں اور ہمارے دلوں میں اہل ایمان کے لئے کوئی بغض نہ رکھ، اے ہمارے رب، تو بڑا مہربان اور رحم کرنے والا ہے۔

(59:الحشر:10)

## مختلف بری عادات اور بیماریوں سے پناہ

اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَالْهَرَمِ وَالْقَسْوَةِ وَالْغَفْلَةِ وَالْعَيْلَةِ وَالذِّلَّةِ وَالْمَسْكَنَةِ وَأَعُوْذُبِكَ مِنَ الْفَقْرِ وَالْكُفْرِ وَالْفُسُوْقِ وَالشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ وَالسُّمْعَةِ وَالرِّيَاءِ وَأَعُوْذُبِكَ مِنَ الصَّمَمِ وَالْبَكَمِ وَالْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ وَالْبَرَصِ وَسَيِّءِ الْأَسْقَامِ

(مستدرک حاکم:1944، ابن حبان:1023)

اے اللہ! میں عاجزی اور سستی سے، بزدلی اور بخل سے، انتہائی بڑھاپے، دل کی سختی اور غفلت سے، ذلت، مفلسی اور ناداری سے بچنے کیلئے آپ کی پناہ میں آتا ہوں اور محتاجی سے اور کفر، نافرمانی، مخالفت اور نفاق سے اور بری شہرت اور دکھاوے سے بچنے کیلئے آپ کی پناہ میں آتا ہوں اور میں بہرے پن سے اور گونگا ہونے سے اور پاگل پن، کوڑھ اور برص سے اور تمام بری بیماریوں سے آپ کی پناہ میں آتا ہوں۔

## دل کی استقامت کے لئے دعا

اَللّٰھُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰی طَاعَتِكَ

اے دلوں کو پھیرنے والے میرے اللہ، ہمارے دلوں کو اپنی فرمانبرداری پر پھیر دے

مسلم:2654

## مریض کے لئے زندگی کے آخری لمحات کی دعا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں! (بوقت وفات) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے ساتھ ٹیک لگائے ہوئے تھے میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ الفاظ ادا فرماتے ہوئے سنا:

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ وَأَلْحِقْنِیْ بِالرَّفِيْقِ الْأَعْلٰی

یا اللہ! مجھے بخش دے، مجھ پر رحم فرما اور مجھے رفیق اعلیٰ (یعنی اپنے ساتھ) ملا دے۔ (بخاری:4440، مسلم:2444، ترمذی:3496)

## کوتاہیوں کی معافی کی درخواست

رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ
اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۖ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا
ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ﴿۱۹۳﴾

اے ہمارے رب! ہم نے ایک پکارنے والے کو سنا، جو ایمان کی طرف دعوت دیتا اور
کہتا تھا کہ اپنے رب پر ایمان لاؤ، تو ہم ایمان لے آئے، اے ہمارے رب!
پس ہمارے گناہ معاف کر دے اور ہماری برائیاں دور فرما اور
ہمیں نیک لوگوں کے ساتھ موت دے (3: آل عمران: 193)

## ہدایت پر استقامت کی دعا

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ
لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿۸﴾

(3: آل عمران: 8)

اے ہمارے رب! جب کہ تو ہمیں ہدایت دے چکا ہے،
تو پھر کہیں ہمارے دلوں کو کجی میں مبتلا نہ کر دیجیو۔
ہمیں اپنے خزانہ فیض سے رحمت عطا کر
کہ تو ہی فیاض حقیقی ہے

## بخشش کی دعا

رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا
ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۶﴾

اے ہمارے رب! ہم ایمان لے آئے ہیں لہٰذا ہمارے گناہ بخش دے اور ہمیں دوزخ کی
آگ سے بچالے (3: آل عمران: 16)

## جامع دعا

رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ۝٤٠ رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ۝٤١

اے میرے پروردگار! مجھے بھی اور میری اولاد کو بھی نماز قائم کرنیوالا بنا۔ اے پروردگار! میری یہ دعا قبول فرما۔ اے پروردگار! مجھے، میرے والدین اور تمام مومنوں کو اس دن معاف فرمانا جب حساب لیا جائے گا۔ (14:ابراہیم:40-41)

## بے جا سوال کرنے سے پناہ کی دعا

رَبِّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَسْـَٔلَكَ مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ ۭ وَاِلَّا تَغْفِرْ لِيْ وَتَرْحَمْنِيْٓ اَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝٤٧

اے پروردگار! میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ میں تجھ سے ایسا سوال کروں جس کا مجھے علم نہیں۔ اگر تو نے مجھے معاف نہ کیا اور رحم نہ فرمایا تو میں برباد ہو جاؤں گا۔

11:ھود:47

## نیچے اترتے وقت کی دعا

رَبِّ اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ۝٢٩

(23:المومنون:29)

اے پروردگار! مجھ کو برکت والی جگہ اتار اور تو بہترین جگہ دینے والا ہے

## شیطان کی اکساہٹوں سے پناہ مانگنا

رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ۝٩٧ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ۝٩٨

اے پروردگار! میں شیاطین کی اکساہٹوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں، بلکہ اے میرے رب، میں تو اس سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں کہ وہ میرے پاس آئیں (23:المومنون:97-98)

## جہنم سے پناہ

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ
النَّارِ ﴿۱۹۱﴾ رَبَّنَآ إِنَّكَ مَن تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ أَخْزَيْتَهٗ ۖ
وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ أَنْصَارٍ ﴿۱۹۲﴾ (3:آل عمران:191-192)

اے ہمارے رب! تو نے یہ سب کچھ بے مقصد پیدا نہیں کیا تیری ذات اس سے پاک ہے۔
پس اے ہمارے پروردگار! ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچالے کیونکہ جسے تو نے دوزخ
میں ڈالا تو گویا اسے بڑی رسوائی میں ڈال دیا اور وہاں ظالموں کا کوئی مددگار نہ ہوگا

## صالح بندوں میں شامل ہونے کی دعا

رَبِّ أَوْزِعْنِيْٓ أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ أَنْعَمْتَ
عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ
وَأَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ فِيْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۹﴾ (27:النمل:19)

اے پروردگار! مجھے توفیق دے کہ میں تیری اس نعمت کا شکر ادا کرسکوں جو تو نے مجھے اور میرے والدین کو عطا کی ہے
اور اس بات کی بھی کہ میں ایسے اچھے عمل کروں جو تجھے پسند ہوں اور اپنی رحمت سے مجھے اپنے صالح بندوں میں داخل کر

## بھلائی حاصل کرنے کی دعا

رَبِّ إِنِّيْ لِمَآ أَنْزَلْتَ إِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ﴿۲۴﴾

اے پروردگار! جو خیر بھی تو مجھ پر نازل کردے میں اس کا محتاج ہوں۔ (28:القصص:24)

## برص، کوڑھ، دیوانگی اور مختلف بیماریوں سے پناہ مانگنے کی دعا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے:

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْبَرَصِ، وَالْجُنُونِ، وَالْجُذَامِ، وَمِنْ سَيِّءِ الْأَسْقَامِ

(ابوداؤد: 1554، نسائی: 5493)

اے اللہ میں برص، جنون، جذام اور تمام برے امراض سے آپ کی پناہ چاہتا ہوں

## انسانوں اور جنوں کے شر سے پناہ

اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ كُنْ لِّي جَارًا مِّنْ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ وَّأَحْزَابِهِ مِنْ خَلَائِقِكَ أَنْ يَّفْرُطَ عَلَيَّ أَحَدٌ مِّنْهُمْ أَوْ يَطْغٰى، عَزَّ جَارُكَ وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ وَلَآ إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ

اے اللہ! ساتوں آسمانوں کے رب اور عرش عظیم کے رب! آپ میرے لئے فلاں بن فلاں سے اور اپنی مخلوق میں سے اس کے گروہوں سے اس بات سے بچنے کے لئے پناہ بن جائیں کہ ان میں سے کوئی بھی مجھ پر زیادتی یا سرکشی کر سکے۔ آپ کی پناہ بہت مضبوط ہے اور آپ کی تعریف بڑی شان والی ہے اور آپ کے سوا کوئی سچا معبود نہیں (الادب المفرد للبخاری: 707)

## آنکھ میں تکلیف کی دعا

جس شخص کی آنکھیں دکھ رہی ہوں وہ یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ مَتِّعْنِي بِسَمْعِي وَبَصَرِي وَاجْعَلْهُمَا الْوَارِثَ مِنِّي، وَانْصُرْنِي عَلٰى مَنْ يَظْلِمُنِي، وَخُذْ مِنْهُ بِثَأْرِي

اے اللہ! تو مجھے میری سماعت اور میری بینائی سے نفع پہنچا، میری سماعت و بصارت کے نفع کو میرے مرنے کے بعد بھی جاری رکھ، جو مجھ پر ظلم کرے اس کے خلاف میری مدد فرما اور تو اس سے میرا بدلہ لے

(ترمذی: 3604)

## برے اعمال کے شر سے پناہ

اللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَعُوْذُبِکَ مِنْ مُنْکَرَاتِ الْاَخْلَاقِ وَالْاَعْمَالِ وَالْاَھْوَآءِ

اے اللہ! بیشک میں برے اخلاق، برے اعمال اور بری خواہشات سے آپ کی پناہ مانگتا ہوں

ترمذی: 3591

## چاند دیکھ کر یہ دعا کریں

اللّٰھُمَّ اَھِلَّہٗ عَلَیْنَا بِالْیُمْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالسَّلَامَۃِ وَالْاِسْلَامِ رَبِّیْ وَرَبُّکَ اللّٰہُ

یا اللہ! اس چاند کو ہمارے لئے برکت و ایمان کا ذریعہ بنادے اور سلامتی و اسلام کا سبب بنادے، اے چاند سن! تیرا میرا دونوں کا اللہ ایک ہی ہے

ترمذی: 3451
مسند احمد: 1397

## اللہ کی بہترین حمد وثناء

اِنِّیٓ اَسْاَلُکَ یَا اللّٰہُ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ، اَنْ تَغْفِرَلِیْ ذُنُوْبِیْ اِنَّکَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ

اے اللہ! بے شک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے اللہ! تو ایک ہے، بے نیاز ہے، جس سے نہ کوئی پیدا ہوا اور نہ ہی وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کا کوئی ہمسر ہے، یہ کہ تو میرے لئے میرے گناہوں کو بخش دے، بے شک تو بہت بخشنے والا بہت رحم کرنے والا ہے

سنن ابی داود: 985

## نفس کے شر سے بچنے کی دعا

اللّٰھُمَّ رَحْمَتَکَ اَرْجُوْ فَلَا تَکِلْنِیْٓ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَۃَ عَیْنٍ وَاَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ کُلَّہٗ، لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ

اے اللہ! میں آپ ہی کی رحمت کا امیدوار ہوں پس آپ مجھے پلک جھپکنے کی مقدار بھی میرے نفس کے حوالے نہ کیجئے اور میرے تمام معاملات درست کر دیجئے، معبود صرف آپ ہی ہیں

مسند احمد
20430

## رحمت و مغفرت کی دعا

رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ
تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿٧﴾
رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ِالَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ
صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ ؕ اِنَّكَ
اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۙ﴿٨﴾

اے ہمارے پروردگار! تونے اپنی رحمت اور علم سے ہر چیز کا احاطہ کر رکھا ہے لہٰذا جن لوگوں نے توبہ کی اور تیری راہ کی پیروی کی انہیں بخش دے اور دوزخ کے عذاب سے بچالے اے ہمارے پروردگار! انہیں ان ہمیشہ رہنے والے باغات میں داخل کر جن کا تونے ان سے وعدہ کیا ہے اور ان کے آباء واجداد، ان کی بیویوں اور ان کی اولاد میں سے جو صالح ہیں انہیں بھی (جنت میں پہنچادے) بلاشبہ تو ہر چیز پر غالب، حکمت والا ہے۔ (40:المؤمن:7-8)

## بھول چوک کی معافی کی دعا

رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ
رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ
عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا
طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۗ وَاغْفِرْ لَنَا ۗ وَارْحَمْنَا ۗ
اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٨٦﴾

اے ہمارے رب! اگر ہم سے بھول چوک ہو جائے تو اس پر گرفت نہ کرنا! اے ہمارے پروردگار! ہم پر اتنا بھاری بوجھ نہ ڈال جتنا تو نے ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا تھا۔ اے ہمارے پروردگار! جس بوجھ کو اٹھانے کی ہم میں طاقت نہیں وہ ہم سے نہ اٹھوائیو ہم سے درگزر فرما، ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما۔ تو ہی ہمارا مولیٰ ہے لہٰذا کافروں کے مقابلے میں ہماری مدد فرما (2:البقرۃ:286)

## زیادتیوں کے ازالے کی دعا

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِیْۤ اَمْرِنَا
وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِیْنَ ﴿۱۴۷﴾

اے ہمارے رب! ہمارے گناہ معاف فرما اور ہمارے کام میں تیرے حدود سے جو کچھ تجاوز ہو گیا ہو اسے معاف کردے، ہمیں ثابت قدم رکھ اور کافروں کے مقابلہ میں ہماری مدد فرما (3:آل عمران:147)

## قیامت کی رسوائی سے پناہ کی دعا

رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا
یَوْمَ الْقِیٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ﴿۱۹۴﴾ (3:آل عمران:194)

اے ہمارے رب! جو وعدے تو نے اپنے رسولوں کے ذریعہ سے کئے ہیں ان کو ہمارے ساتھ پورا کر اور قیامت کے دن ہمیں رسوائی میں نہ ڈال، بے شک تو اپنے وعدے کے خلاف کرنیوالا نہیں ہے

## علم نافع، پاکیزہ رزق اور مقبول عمل کی دعا

(ابن ماجہ:925، مسند احمد:26521)

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا
وَّرِزْقًا طَیِّبًا وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا

اے اللہ! میں آپ سے نفع دینے والا علم
پاکیزہ رزق اور مقبول عمل مانگتا ہوں

## تقویٰ کے حصول کی دعا

(مسلم:2722)

اَللّٰھُمَّ اٰتِ نَفْسِیْ تَقْوٰھَا
وَزَكِّھَاۤ اَنْتَ خَیْرُ مَنْ زَكّٰھَاۤ
اَنْتَ وَلِیُّھَا وَمَوْلَاھَا

اے اللہ تو میرے نفس کو پرہیزگاری عطاء فرما اور اس کو پاک کر،
تو سب سے اچھا پاک صاف کرنے والا ہے، تو ہی اس نفس کا مولا اور آقا ہے

## ہر خیر کے حصول کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنَ الْخَیْرِ كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَاٰجِلِهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الشَّرِّ كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَاٰجِلِهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ

اے میرے اللہ! میں مانگتا ہوں تجھ سے تمام بھلائیاں جلد ملنے والیں (دنیا کی) اور دیر سے ملنے والیں (آخرت کی) جن کو میں جانتا ہوں ان میں سے اور جن کو میں نہیں جانتا اور تیری پناہ مانگتا ہوں دنیا و آخرت کی ان تمام برائیوں سے جن کو میں جانتا ہوں اور جن کو میں نہیں جانتا

ابن ماجہ:3846

## ثابت قدمی اور نعمتوں کا شکر ادا کرنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ الثَّبَاتَ فِی الْاَمْرِ وَالْعَزِیْمَةَ عَلَی الرُّشْدِ، وَاَسْاَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ، وَاَسْاَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ وَحُسْنَ عِبَادَتِكَ وَاَسْاَلُكَ قَلْبًا سَلِیْمًا وَلِسَانًا صَادِقًا وَاَسْاَلُكَ مِنْ خَیْرِ مَا تَعْلَمُ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا تَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ

(المعجم الکبیر للطبرانی:7135)

اے اللہ! بیشک میں تجھ سے دین میں ثابت قدمی اور ہدایت میں پختگی کا سوال کرتا ہوں اور میں تجھ سے تیری رحمت کو واجب کرنیوالے اور تیری مغفرت کو لازم کرنیوالے امور کا سوال کرتا ہوں، میں تجھ سے تیری نعمتوں کا شکر ادا کرنے اور اچھے انداز میں تیری عبادت کرنے کا سوال کرتا ہوں، میں تجھ سے سلامت دل اور سچی زبان کا سوال کرتا ہوں اور میں تجھ سے ہر اس بھلائی کا سوال کرتا ہوں جسے تو جانتا ہے اور ہر اس برائی سے تیری پناہ لیتا ہوں جو تیرے علم میں ہے اور میں تجھ سے ان تمام گناہوں کی بخشش کا سوال کرتا ہوں جو تیرے علم میں ہے، بیشک تو پوشیدہ باتوں کو خوب جاننے والا ہے

## مال کی کمی اور ذلت سے پناہ

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَعُوۡذُبِكَ مِنَ الۡفَقۡرِ وَالۡقِلَّةِ وَالذِّلَّةِ وَاَعُوۡذُبِكَ اَنۡ اَظۡلِمَ اَوۡ اُظۡلَمَ

اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں محتاجی سے اور تیری پناہ چاہتا ہوں مال کی کمی اور ذلت سے اور تیری پناہ چاہتا ہوں اس سے کہ میں کسی پر ظلم کروں یا کوئی مجھ پر ظلم کرے

ابوداؤد:1544
نسائی:5462

## برے وقت سے تحفظ کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَعُوۡذُبِكَ مِنۡ یَوۡمِ السُّوۡءِ، وَمِنۡ لَیۡلَةِ السُّوۡءِ، وَمِنۡ سَاعَةِ السُّوۡءِ، وَمِنۡ صَاحِبِ السُّوۡءِ، وَمِنۡ جَارِ السُّوۡءِ فِیۡ دَارِ الۡمُقَامَةِ

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں برے دن سے، بری رات سے، برے لمحے سے، برے ساتھی اور مستقل قیام کے برے پڑوسی سے (المعجم الکبیر للطبرانی :810)

## دین، دنیا و آخرت کے سنوارنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اَصۡلِحۡ لِیۡ دِیۡنِیَ الَّذِیۡ ھُوَ عِصۡمَةُ اَمۡرِیۡ وَاَصۡلِحۡ لِیۡ دُنۡیَایَ الَّتِیۡ فِیۡھَا مَعَاشِیۡ وَاَصۡلِحۡ لِیۡ اٰخِرَتِیَ الَّتِیۡ فِیۡھَا مَعَادِیۡ وَاجۡعَلِ الۡحَیَاةَ زِیَادَةً لِّیۡ فِیۡ کُلِّ خَیۡرٍ وَّاجۡعَلِ الۡمَوۡتَ رَاحَةً لِّیۡ مِنۡ کُلِّ شَرٍّ

اے اللہ! تو میرے دین کو سنوار دے جو میرے کام کی حفاظت کرے اور میری دنیا بھی سنوارے رکھ جس میں میرا روزگار ہے اور میری آخرت بھی سنوار دے جہاں میں نے لوٹ کر جانا ہے اور بنا دے میری زندگی کو بہت زیادہ بھلائیوں کا سبب اور بنا دے میری موت کو ہر قسم کی برائی سے راحت پانے کا سبب۔ (مسلم:2720)

## اضافہ، عزت وعظمت اور نعمتوں کے حصول کے لئے دعا

اَللّٰھُمَّ زِدْنَا وَلَا تَنْقُصْنَا وَاَكْرِمْنَا وَلَا تُهِنَّا وَاَعْطِنَا وَلَا تَحْرِمْنَا
وَاٰثِرْنَا وَلَا تُؤْثِرْ عَلَيْنَا وَاَرْضِنَا وَارْضَ عَنَّا (مسند احمد:223، ترمذی:3173)

اے اللہ! ہمیں زیادہ عطا فرما اور اضافہ فرما، کمی نہ فرما اور ہمیں عزت وعظمت عطا فرما ہماری اہانت وذلت نہ فرما، ہمیں اپنی ہر طرح کی نعمتیں عطا فرما ہمیں محروم نہ فرما ہمیں اپنالے ہمارے مقابلے میں دشمنوں کو ترجیح نہ دے ہم سے راضی ہوجا اور ہمیں خوش کردے۔

## بدفالی سے کراہیت کی دعا

اَللّٰھُمَّ لَا طَيْرَ اِلَّا طَيْرُكَ وَلَا خَيْرَ اِلَّا خَيْرُكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ

اے اللہ! نہیں ہے کوئی بدشگونی مگر تیری بدشگونی (یعنی تیرے حکم سے) اور نہیں ہے کوئی خیر مگر تیری خیر اور تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں (مسند احمد:7045)

## رزق کی کشادگی کی دعا

اَللّٰھُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ

اے اللہ! حرام کے بدلے تو مجھے میری ضرورت کے مطابق حلال روزی عطا فرما اور اپنے فضل سے اپنے علاوہ سب سے بے نیاز کردے (ترمذی:3563)

## عفت وعزت اور ہدایت مانگنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ الْهُدٰى وَالتُّقٰى وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰى

اے اللہ میں تجھ سے ہدایت، پرہیزگاری، پاک دامنی اور تیرے سوا سب سے بے نیازی کا طالب ہوں (مسلم:2721)

بخل، بزدلی اور آزمائش سے نجات کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ اُرَدَّ اِلٰی اَرْذَلِ الْعُمُرِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْیَا وَعَذَابِ الْقَبْرِ

اے اللہ! میں بزدلی اور کنجوسی سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور اس بات سے بھی تیری پناہ چاہتا ہوں کہ مجھے رذیل عمر (زیادہ بڑھاپے) کی طرف پھیر دیا جائے اور اسی طرح میں دنیاوی فتنوں اور عذاب قبر سے بھی تیری پناہ چاہتا ہوں

(بخاری:6374،2822)

علم سے نفع حاصل کرنے اور اضافہ کی دعا

اَللّٰھُمَّ انْفَعْنِیْ بِمَا عَلَّمْتَنِیْ وَعَلِّمْنِیْ مَا یَنْفَعُنِیْ وَزِدْنِیْ عِلْمًا

(ابن ماجہ:251،ترمذی:3599)

یا اللہ! تو نے مجھے جتنا علم دیا ہے اسے میرے لئے نفع بخش بنا، مجھے مزید نفع بخش علم عنایت فرما اور میرے علم میں اضافہ فرما

بیت الخلاء میں جانے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ

اے اللہ! میں ناپاک جنوں اور ناپاک جننیوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں (بخاری:142،مسلم:375)

## دعائے رحمت ومغفرت

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ وَتُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ

اے اللہ مجھے معاف فرما، مجھ پر رحم فرما اور میری توبہ قبول فرما بے شک تو ہی بہت توبہ قبول کرنیوالا نہایت مہربان ہے

(مسند احمد:5354)

## جسمانی اعضاء کی اصلاح کی دعا

اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قَلْبِيْ مِنَ النِّفَاقِ وَعَمَلِيْ مِنَ الرِّيَآءِ

وَلِسَانِيْ مِنَ الْكِذْبِ وَعَيْنِيْ مِنَ الْخِيَانَةِ

فَاِنَّكَ تَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ

اے اللہ! تو میرے دل کو نفاق سے پاک صاف کردے اور میرے کام کو دکھلاوے اور زبان کو جھوٹ سے
اور میری آنکھ کو چوری وخیانت سے (پاک صاف کردے) کیونکہ تو آنکھ کی خیانت اور
دل کی پوشیدہ باتوں کو خوب جانتا ہے (الدعوات الکبیر للبیہقی:258)



## معافی کی بہترین دعا

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا مجھے کوئی دعا سکھلایئے جو میں اپنی نماز میں پڑھوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا! کہو

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ
ظُلْمًا كَثِيْرًا وَّلَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ
اِلَّا اَنْتَ فَاغْفِرْ لِيْ مَغْفِرَةً مِّنْ
عِنْدِكَ وَارْحَمْنِيْ اِنَّكَ
اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ

اے اللہ! میں نے اپنے آپ پر بہت ظلم کیا ہے اور تیرے سوا گناہ معاف کرنے والا کوئی نہیں، اپنی رحمت سے میرے سارے گناہ معاف فرما دے، مجھ پر رحم فرما بے شک تو بخشنے والا مہربان ہے۔

(بخاری:6326، مسلم:2705)